فوری ریلیز کے لیے: 4/11/2022 ***KATHY HOCHUL گورنر***

گورنر HOCHUL نے نیو یارک کے دو شہریوں کو امریکی محکمہ تعلیم کے ریکگنائزنگ انسپائرنگ اسکول ایمپلائیز ایوارڈ کے لیے نامزد کیا

اس ایوارڈ سے اسکول کے ان ملازمین کو نوازا جاتا ہے جو طلباء کو مثالی خدمات فراہم کرتے ہیں

بفلو سٹی اسکول ڈسٹرکٹ اور نیوبرگ توسیع شدہ سٹی اسکول ڈسٹرکٹ کے ملازمین کو شاندار کارکردگی پر نامزد کیا گیا

گورنر Kathy Hochul نے آج نیو یارک کے پبلک اسکولز کے دو ملازمین کو امریکی محکمہ تعلیم کے ریکگنائزنگ انسپائرنگ اسکول ایمپلائیز ایوارڈ کے لیے نامزد کیا ہے، یہ وفاقی ایوارڈ اسکول کے ان کلاسیفائیڈ ملازمین کو اعزاز دینے کے لیے ہے جنہوں نے طلباء کو مثالی خدمات فراہم کی ہوں۔ نامزد افراد میں Bridget O'Brien-Wood، چائلڈ نیوٹریشن سروسز ڈائریکٹر برائے بفلو سٹی اسکول ڈسٹرکٹ اور Patricia Coyne، ٹرانسپورٹیشن کوآرڈینیٹر برائے نیوبرگ توسیع شدہ سٹی اسکول ڈسٹرکٹ شامل ہیں۔

"صحت کی خدمات سے لے کر ٹرانسپورٹیشن کے ملازمین تک، اسکول کے تمام ملازمین ہمارے اسکولوں کو چلائے رکھنے اور ہمارے طلباء کو محفوظ رکھنے میں ایک لازمی کردار ادا کرتے ہیں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "جہاں طلباء سیکھیں اور ترقی کر سکیں، اسکول کا ایسا ماحول بنانے میں ان دو افراد کی قائدانہ صلاحیت اور عزم کو تسلیم کرنا میرے لیے باعث فخر ہے۔ ہر روز، یہ ہمارے بچوں کے لیے آتے ہیں اور یہ ان کا حق ہے کہ ان کی سخت محنت کو تسلیم کیا جائے اور اس کی داد دی جائے۔"

RISE ایوارڈ اسکول کے ان کلاسیفائیڈ ملازمین کی خدمات کے اعتراف میں ہے جو طلباء کو مثالی خدمات فراہم کرتے ہیں، بشمول پیراپروفیشنلز، کلیریکل اور انتظامی خدمات، آمد و رفت کی خدمات، صحت اور طلباء کی خدمات، تکنیکی خدمات اور ہنر مند پیشہ جات۔ سیکرٹری تعلیم اگلے موسم بہار میں RISE ایوارڈ حاصل کرنے کے لیے ایک امیدوار کا انتخاب کریں گے۔

Bridget O'Brien-Wood گزشتہ 30 سال سے ریاست نیو یارک کے دوسرے سب سے بڑے اسکول ڈسٹرکٹ، بفلو سٹی اسکول ڈسٹرکٹ میں چائلڈ نیوٹریشن سروسز کی ڈائریکٹر ہیں۔ وہ وفاقی اسکول لنچ، ناشتہ، ہلکے پھلکے ناشتے، اور موسم گرما کے کھانے کے پروگرامز کا انتظام چلانے کے لیے 460 عملے کی ایک ٹیم کی نگرانی کرتی ہیں جو 87 اسکولوں (عوامی، غیر سرکاری، چارٹر اسکولوں) کی عمارتوں اور موسم گرما کے 124 مقامات پر بفلو شہر کے بچوں کو مفت کھانا فراہم کرتی ہے۔ عالمی وباء کے دوران، Bridget نے یہ یقینی بنانے کے لیے انتھک محنت کی کہ ڈسٹرکٹ کے خاندانوں کو سکول بند ہونے کے دوران غذائیت سے بھرپور کھانوں تک رسائی حاصل ہو۔

نیوبرگ توسیع شدہ سٹی اسکول ڈسٹرکٹ کی ٹرانسپورٹیشن کوآرڈینیٹر کی حیثیت سے، **Patricia Coyne** اس بات کو یقینی بناتی ہیں کہ آمد و رفت کسی طالب علم کی تعلیم یا غیر نصابی سرگرمیوں میں شرکت میں کبھی بھی رکاوٹ نہ بنے۔ وہ طلباء، والدین، اسکول کی انتظامیہ اور عملے؛ اور ٹرانسپورٹیشن کے ٹھیکیداروں کے ساتھ مل کر بسوں کے مؤثر طریقے سے روٹ مرتب کرنے اور طلباء کے محفوظ طریقے سے اسکول آنے اور جانے کو یقینی بنانے

کے لیے کام کرتی ہیں۔ اسکول کی روزمرہ ٹرانسپورٹیشن کے علاوہ، وہ موسم گرما کے پروگرامز، ایتھلیٹک ٹیموں اور نصاب اور تدریس کے دفتر کے ساتھ اسکول کے بعد کے پروگرامز، مطالعاتی دوروں اور کھیلوں کی تقریبات کے ذرائع آمد و رفت پر کام کرتی ہیں۔ وہ طلباء کے لیے اضطراب کو کم کرنے اور بس پر باحفاظت رہنے کے بارے میں آگاہی دینے کے لیے ذرائع آمد و رفت کے تعارف کا ایک پروگرام بھی تیار کر رہی ہیں اور طلباء کے لیے محفوظ اور قابل اعتماد ذرائع آمد و رفت کو یقینی بنانے کے لیے خاندانوں کے ساتھ مل کر کام کرتی ہیں۔

امریکی محکمہ تعلیم نے ہر ریاست کے گورنروں کو سالانہ دو امیدواروں تک کو نامزد کرنے کی دعوت دی ہے۔ نیو یارک سے نامزد افراد کا انتخاب کام کی کارکردگی، اسکول اور کمیونٹی کی شمولیت، قائدانہ صلاحیت اور عزم، مقامی معاونت؛ اور کمیونٹی اور اسکولوں میں اسکول کے کلاسیفائیڈ ملازمین کے متعلق تاثر کو ابھارنے کی بنیاد پر کیا گیا۔

ریاست نیو یارک کمشنر برائے تعلیم Betty A. Rosa نے کہا، "ہمارے اسکول طلباء کی کامیابی، حفاظت اور صحت کو فروغ دینے والے ماحول بنانے میں کلیدی کردار ادا کرنے والے عملے کے ان لازمی ارکان کے بغیر اپنا شاندار کام کرنے کے قابل نہیں ہو سکتے۔ میں Patricia Coyne اور Bridget O'Brien-Wood جیسے ان صف اول کے ہیروز کی شکرگزار ہوں جو خود کو اس بات کو یقینی بنانے کے لیے وقف کرتے ہیں کہ طلباء کو اسکول کے پورے دن میں درکار ہر چیز حاصل ہو اور یہ اسکول کی کمیونٹیز کی بنیاد کا ایک لازمی حصہ ہیں۔"

ریاست نیو یارک بورڈ آف ریجنٹس کے چانسلر Lester W. Young Jr. نے کہا، "اسکول کے صحت، نقل و حمل، خوراک کی خدمت اور دیکھ بھال کے عملے کا کام اساتذہ کو پڑھانے اور طلباء کو سیکھنے کے قابل بناتا ہے۔ نوجوان اگر بھوکے ہوں یا کلاس تک نہ پہنچ سکیں تو اپنی پوری صلاحیتوں سے استفعادہ نہیں کر سکتے۔ Bridget O'Brien-Wood اور Patricia Coyne اس بات کو یقینی بناتی ہیں کہ طلباء سیکھنے کے لیے تیار رہیں اور میں انہیں مبارکباد دیتے ہوئے بہت خوش ہوں۔ عملے کے ان شاندار ارکان کی معاونت اور لگن ایسے مواقع فراہم کرنے میں مدد کرتی ہے جو ہمارے تمام بچوں کو ان کی امیدوں اور خوابوں کو پورا کرنے کے قابل بنائیں گے۔"

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418